© rasailojaraid.com



حاصل تمنائی

## ایک مکالمہ

(معروف ادیب ابن انشاء مرحوم کی پیروڈی میں)

یہ کونسا ملک ہے؟
یہ امریکہ ہے
امریکہ والے ڈیم کیوں بناتے ہیں؟
ملک کی ترقی وخوشحالی کے لیے
یہ کونسا ملک ہے؟
یہ چین ہے
چین والے ڈیم کیوں بناتے ہیں؟
ملک کی ترقی وخوشحالی کے لیے
یہ کونسا ملک ہے؟
یہ انڈیا ہے
انڈیا والے ڈیم کیوں بناتے ہیں؟
ملک کی ترقی وخوشحالی کے لیے
یہ کونسا ملک ہے؟
یہ جاپان ہے
جاپانی ڈیم کیوں بناتے ہیں؟
ملک کی ترقی وخوشحالی کے لیے
یہ کونسا ملک ہے؟
یہ پاکستان ہے
پاکستان کو ڈیم بنانے سے کیا فائدہ ہوا؟
فائدہ تو ہوا لیکن نقصان یہ پہنچا کہ صوبوں کے حقوق متاثر ہوئے
تو پھر تربیلا ڈیم اور منگلہ ڈیم کیوں بنائے تھے؟
غلطی ہوگئی معاف کیجیے' آئندہ نہیں بنائیں گے۔

پروفیسر محمد اکرام تائب

## رنگِ سخن

گھر میں داماد جو بھی ہوتے ہیں
پاؤں بیوی کے بیٹھ دھوتے ہیں

خواب اُن کے ہیں شیش محلوں کے
رات ڈھیروں پہ جو کہ سوتے ہیں

اُن کو منزل کبھی نہیں ملتی
وقت کو رائیگاں جو کھوتے ہیں

منہ ہے چھوٹا مگر بڑی مونچھیں
جیسے چنگیز خاں کے پوتے ہیں

فارغ البال ہیں جو بچپن کے
بال شیمپو سے وہ بھی دھوتے ہیں

''سول میرج'' کا یہ نتیجہ ہے
کل جو ہنستے تھے آج روتے ہیں

ہاتھ کیوں مَل رہے ہو اب تائبؔ
کاٹتے ہیں وہی' جو بوتے ہیں

© rasailojaraid.com